پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن، وزارت تعلیم مملکت بحرین

سینڈاپ امتحان فروری 2021ء برائے جماعت دوازدہم

نام-------------------- وقت برائے معروضی سوالات-15منٹ

پرچہ----------مطالعہ پاکستان حصہ اوّل- معروضی نمبر- 10

نوٹ : حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دیں۔جوابی کاپی کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1۔ مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب منتخب کر کے متعلقہ دائرہ پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ سرسید احمد خان نے رسالہ-------جاری کیا۔

الف۔ مخزن ب۔ تہذیب الاخلاق ج۔ رسالہ تمدن دہلی د۔ اتحاد المرسلین

2 ۔ کلکتہ میں اچھوتوں کی آبادی-------فیصد تھی۔

الف۔ 50 ب۔ 60 ج۔ 70 د۔ 80

3۔ تقسیم کے وقت ہندوستان میں اسلحہ سازی کے------کارخانے تھے۔

الف۔ 16 ب۔ 18 ج۔ 24 د۔ 20

4۔بھارت اور پاکستان کی مشترکہ سرحد کی لمبائی------کلو میٹر ہے۔

الف۔ 2250 ب۔ 950 ج۔ 1600 د۔ 1200

5۔ رسول ﷺ نے فرمایا" میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، یعنی------اور میری سنت

الف۔ کتاب اللہ ب۔ نماز ج۔ ایمان د۔ خطبہ حجتہ الوداع

6۔-----آئین کے مطابق مملکت کا نام پاکستان کی بجائے اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

الف۔ 1956 ب۔ 1962 ج۔ 1973 د۔ 1935

7 ۔ ------1948 میں بھارت نے لاہور کے علاقے کو سیراب کرنے والی نہروں کا پانی بند کر دیا۔

الف۔ مارچ ب۔ اپریل ج۔ مئی د۔ جون

8۔ مہاجرین کی آبادکاری کی لیے قائداعظم نے-------فنڈ قائم کیا۔

الف۔ رفیوجی ب۔ قائداعظم ج۔ ریڈ کراس د۔ مسلم ریلیف

9۔بلوچستان کے صحت افزا مقامات میں-------کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

الف۔ مری ب۔ سوات ج۔ زیارت د۔ ناران

10۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام---------میں ہوا۔

الف۔ 1905 ب۔ 1906 ج۔ 1907 د۔ 1904

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاون، وزارت تعلیم مملکت بحرین

سینڈاپ امتحان فروری 2021ء برائے جماعت دوازدہم

پرچہ۔۔۔ مطالعہ پاکستان　　　　وقت۔2گھنٹے15منٹ

کل نمبر۔ 40　　　　حصہ دوم وسوم۔انشائیہ طرز

نوٹ: ۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔اضافی جوابی کاپی طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصّہ دوم (کل نمبر24)

سوال نمبر2: درج ذیل میں کوئی سے 8 سوالوں کے جواب لکھیں۔ (8×3=24)

i. نظریہ سے کیا مراد ہے؟

ii. سیاحوں کی دلچسپی کے مقامات کا کن نمایاں عنوانات کے تحت مطالعہ کیا جا سکتا ہے؟

iii. آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے وقت اس کے کیا مقاصد طے کیے گئے تھے؟

iv. مہاجرین کی آباد کاری کے سلسلے میں قائد اعظم نے کیا اقدامات اٹھائے؟

v. قائد اعظم سرکاری ملازمین سے کس طرز عمل کی توقع رکھتے تھے؟

vi. ہندوستان کی غلط تقسیم کس طرح مسئلہ کشمیر کا سبب بنی؟

vii. اسلامی جمہوریہ پاکستان کن علاقوں پر مشتمل ہے؟

viii. قائد اعظم نے طلبا کو کیا نصیحت کی؟

ix. قانون آزادی کے اہم نکات کیا تھے؟

x. پاکستان کی وسعت، رقبہ اور حدود اربعہ (ہمسایہ ممالک کے اعتبار سے) تحریر کریں۔

حصّہ سوم (کل نمبر16)

درج ذیل میں کوئی سے 2 سوالوں کے جواب لکھیں۔ (8×2=16)

سوال نمبر3: خطبہ حجتہ الوداع انسانی حقوق کا جامع منشور ہے، بحث کریں۔

سوال نمبر4: پاکستان کے 1973ء کے آئین کی اسلامی دفعات پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر5: تقسیم کے بعد پاکستان کے ابتدائی مسائل تحریر کریں۔